

روزنامہ
ورقِ تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक़-ए-ताज़ा
06 Nov. 2024



# کینیڈا میں غیر ملکی طلبہ کو نو ماہ تک کام نہیں ملتا، اب مفت کھانے کی سہولت بھی ختم'

**برندر سنگھ**



کینیڈا میں خوراک کی بڑھتی ہوئی مانگ نئے خدشات کو جنم دے رہی ہے اور اب وینکوور کے ایک مقامی فوڈ بینک نے حال ہی میں فرسٹ ایئر کے غیر ملکی طلبہ کو کھانا دینے سے منع کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گریٹر وینکوور فوڈ بینک نے کھانے کے طلبگاروں کی تعداد میں روز بروز اضافے کو اس کی بڑی وجہ قرار دیا ہے۔ ان کے مطابق چند برسوں میں ان پر بوجھ بڑھا ہے۔ گریٹر وینکوور فوڈ بینک کی کمیونیکیشن منیجر ایما نیلسن نے ای میل کے ذریعے میڈیا کو بتایا کہ موجودہ حکومتی پالیسی کے مطابق غیر ملکی طلبہ کو کینیڈا آنے سے پہلے اپنے ساتھ 'کافی پیسے' لانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی ضوابط کے مطابق غیر ملکی طلبہ کے پاس کینیڈا میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے ٹیوشن اور سفری اخراجات کے علاوہ ان کے بینک اکاؤنٹ میں 20,635 ڈالر ہونا ضروری ہے۔ کینیڈا میں بین الاقوامی طالب علموں کے لیے کام کرنے والے ایک طلبہ کارکن جسکرن بنیپال کہتے ہیں: 'یہ بہت افسوس کی بات ہے کہ گریٹر وینکوور فوڈ بینک طلبہ کو ان کے جی آئی سی کی وجہ سے کھانا دینے سے انکار کر رہا ہے۔ جی آئی سی کا مطلب گارنٹیڈ انویسٹمنٹ سرٹیفیکیٹ ہوتا ہے۔ یعنی آپ کے اکاؤنٹ میں ایک خاص رقم ہونی چاہیے۔ اس فیصلے کے بعد گریٹر وینکوور فوڈ بینک کو بھی تنقید کا سامنا ہے۔ بی بی سی پنجابی نے گریٹر وینکوور فوڈ بینک سے رابطہ کیا، لیکن ابھی تک کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔ مقامی فوڈ بینک کا یہ فیصلہ ایسے وقت میں آیا ہے جب کینیڈا میں گروسری کی قیمتیں اور بے روزگاری ریکارڈ بلندیوں پر ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری نے وہاں کے عوام کی زندگی کو بُری طرح متاثر کر رکھا ہے۔ کینیڈا پہنچنے والے غیر ملکی طلبہ کی بڑی تعداد کو روزگار کے ساتھ ساتھ اب خوراک کا بھی بڑا چیلنج درپیش ہے۔

### گریٹر وینکوور فوڈ بینک کے مینیجرز کا کیا کہنا ہے؟

کینیڈا کے گریٹر وینکوور فوڈ بینک کی ویب سائٹ کے مطابق وہ ہر ماہ تقریباً 15,000 ضرورت مند لوگوں کو کھانا فراہم کرتے ہیں۔ گریٹر وینکوور فوڈ بینک کے مطابق ان کی تنظیم کو حکومت کی جانب سے کوئی فنڈنگ نہیں ہوتی ہے۔ انھیں صرف عوام اور صنعت کاروں کی حمایت حاصل ہے۔ گریٹر وینکوور فوڈ بینک کے سی ای او ڈیوڈ لانگ نے کینیڈا کے ٹی وی چینل سی ٹی وی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ چھ سال قبل ان کے پاس ساڑھے چھ ہزار رجسٹرڈ افراد تھے جن کی تعداد اب پندرہ ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ انھوں نے کہا: ہم خوراک کے حجم کی مانگ میں بہت زیادہ اضافہ دیکھ رہے ہیں، اور یہ اعداد و شمار حیران کن ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کے گاہکوں میں نوجوانوں سے لے کر مقررہ آمدنی والے معمر افراد تک شامل ہیں جو اس وقت بڑھتی ہوئی مہنگائی کے متحمل نہیں ہیں۔ ہم خاص طور پر وینکوور میں بہت سارے لوگوں کو دیکھ رہے ہیں۔ ان (میں ایسے بھی ہیں جن) کے پاس کل وقتی ملازمتیں ہیں اور وہ اپنی انشورنس خود ادا کرتے ہیں۔ ان کے پاس نوکری ہے لیکن وہ اپنا کرایہ، اپنی رہائش اور گاڑی (کی قسط) وقت پر ادا نہیں کر سکتے۔ وینکوور سٹی کونسلر ایڈرین کار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گریٹر وینکوور فوڈ بینک کے لیے یہ مسئلہ نیا نہیں ہے کیونکہ اس سسٹم میں ہی مسائل ہیں۔ انھوں نے کہا: 'میں فوڈ بینک کو مورد الزام نہیں ٹھہرا رہی کیونکہ وہ ان کے پاس کام زیادہ ہے۔ بہت سے خاندان اور بزرگ ان تک پہنچ رہے ہیں۔ میرے خیال میں حکومتوں کو مدد کے لیے آگے آنا چاہیے۔

### طلبہ کا فوڈ بینک پر کس حد تک انحصار؟

جسکرن سنگھ کینیڈا میں بین الاقوامی طالب علم کارکن ہیں اور انھوں نے ٹیم وی کیئر کینیڈا کے ساتھ کام کیا ہے۔ بی بی سی سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا: وینکوور فوڈ بینک جس 20 ہزار ڈالر کی بات کر رہا ہے وہ طالب علموں کو سال بھر قسطوں میں ملتا ہے۔ بعض اوقات طلبہ کو کینیڈا میں 9-9 ماہ تک کام نہیں ملتا اور اوپر سے کرایہ اور دیگر اخراجات کا بار اٹھانا مشکل ہو جاتا ہے۔ جسکرن سنگھ کا کہنا ہے کہ بہت سے طلبہ جنھیں وقت پر کام نہیں ملتا وہ ان فوڈ بینکوں پر انحصار کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا: 'فوڈ بینک کے مطابق، ان کے پاس مدد کے لیے آنے والے 100 افراد میں سے 25 فیصد بین الاقوامی طلبہ ہیں، جنھیں اب اس امداد سے براہ راست خارج کر دیا گیا ہے۔ جسکرن سنگھ کا کہنا ہے کہ انڈین طلبہ اور بطور خاص پنجابی کمیونٹی کے طلبہ، ان فوڈ بینکوں پر کم انحصار کرتے ہیں کیونکہ انھیں زیادہ تر گرودواروں یا یہاں قائم پنجابی کمیونٹی کی دیگر تنظیموں سے مدد مل جاتی ہے۔ کینیڈا غیر ملکی طلبہ زیادہ تر بے روزگار رہتے ہیں اور اپنی خوراک کے لیے فوڈ بینکوں پر انحصار کرتے ہیں۔ کینیڈا کی ہنگر کاؤنٹ کی رپورٹ کے مطابق فوڈ بینک پر سنہ 2018 کے مارچ میں جہاں 10 لاکھ لوگ انحصار کر رہے تھے وہی رواں سال مارچ میں بڑھ کر 20 لاکھ سے زیادہ ہو گیا ہے۔ اس رپورٹ کے مطابق کینیڈا کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ 20 لاکھ افراد نے کینیڈا کے فوڈ بینکوں پر انحصار کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فوڈ بینکوں میں بڑھتی ہوئی تعداد خوراک کی بلند قیمتوں اور معاشی مشکلات کی عکاسی کرتی ہے۔ ہنگر کاؤنٹ کی رپورٹ کے مطابق سنہ 2019 کے مقابلے رواں سال فوڈ بینک استعمال کرنے والوں میں 90 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ فوڈ بینکنگ سسٹم اپنی سب سے اعلیٰ سطح پر ہے۔ فوڈ بینک کینیڈا کے ریسرچ ڈائریکٹر رچرڈ میٹرون نے سی ٹی وی نیوز کو بتایا: جو لوگ ملازمت کرتے ہیں وہ زندگی کی بڑھتی ہوئی لاگت کو برقرار رکھنے کے قابل نہیں ہیں کیونکہ ان کی ضروریات زندگی ان کی آمدنی سے کم ہے۔' رچرڈ نے بڑھتی ہوئی مانگ کو بے مثال قرار دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ ایسے معاشرے میں گروسری اور رہائش کی بڑھتی ہوئی قیمت تقریباً ہر کینیڈین کو متاثر کر رہی ہے۔

### کینیڈا میں فوڈ بینک کیسے کام کرتے ہیں؟

فوڈ بینک کینیڈا کی ویب سائٹ کے مطابق کینیڈا میں تقریباً 100,5 فوڈ بینک ہیں جو کینیڈا میں ضرورت مندوں کو کھانا فراہم کرتے ہیں۔ کیسر سنگھ سرے میں گرو نانک فوڈ بینک کے رضا کار ہیں۔ انھوں نے بی بی سی پنجابی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس کی بڑی وجہ معاشی کساد بازاری کا رجحان اور مہنگائی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ فوڈ بینکوں پر طلباء کا انحصار اور تعداد ہر روز بڑھ رہی ہے۔ کیسر سنگھ بتاتے ہیں: فوڈ بینک میں آنے والے زیادہ تر لوگ ایسے طالب علم ہوتے ہیں جن کے پاس کام نہیں ہوتا ہے۔ گرو نانک فوڈ بینک کو سنہ 2020 میں کووڈ کے دور میں سرے کے گردوارہ دکھ نیوارن صاحب کے چیئرمین نریندر سنگھ نے قائم کیا تھا۔ ان کے مطابق بہت سے طلبہ یا ضرورت مند خاندان ان کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں جنھیں ماہانہ راشن کا پیکٹ دیا جاتا ہے۔ کیسر سنگھ بتاتے ہیں: 'ہماری تنظیم کو حکومت سے فنڈ نہیں ملتا۔ یہ تنظیم صرف سکھ برادری کے تعاون سے چلائی جا رہی ہے۔ ہماری دو شاخیں چل رہی ہیں، جن کے ذریعے ضرورت مندوں کو کھانا فراہم کیا جاتا ہے۔' ان کا کہنا ہے کہ دور دراز کے طلبہ بھی ان کے ادارے سے رجوع کرتے ہیں۔ 'ہماری تنظیم صبح 11 بجے سے شام 6 بجے تک ضرورت مندوں کی مدد کرتی ہے، جب کہ سرکاری فوڈ بینک صرف دو گھنٹے کے لیے کھلتے ہیں۔ طلبہ بڑی تعداد میں مدد کے لیے آتے ہیں، اس لیے حکومتوں کو چاہیے کہ وہ فوڈ بینکوں کے کھلنے کے اوقات میں توسیع کریں اور فوڈ بینکوں کو مالی مدد فراہم کریں۔'



## راہ نما ═══ مبارک کاپڑی

### کیا ہم اپنے مفروضات کے اسیر بن گئے؟۔۔۔

### کامیاب اور مثالی بچّوں کی تشکیل کا انحصار والدین کے رویّے پر ہے

تمام والدین یقیناً یہ چاہتے ہیں کہ اُن کے بچّے دنیا کے ہر محاذ پر کامیاب و کامران ہوں اور وہ کردار کے بھی دھنی ہوں البتّہ اس ضمن میں کلیدی کردار والدین کے رویّے اور گھر کے ماحول ہی کو ادا کرنا ہوتا ہے۔

**'تعلیم کے لیے بجٹ کیوں؟'**

ہمارے معاشرے میں والدین کی سب سے بڑی کمزوری جو آج اس مقابلے کے دور و دوڑ میں نمایاں طور پر سامنے آ رہی ہے، وہ یہ ہے کہ ہمارے والدین کی ایک بڑی اکثریت کے یہاں تعلیم اور حصولِ تعلیم آج بھی کوئی ایشو نہیں ہے، کوئی موضوع نہیں ہے اور اس بناء پر اپنے بچّوں کی حصولِ تعلیم کے لیے وسائل کی کوئی فکر سرے سے نہیں ہو رہی ہے۔ آج ہمارے یہاں پری پرائمری اور پرائمری اسکول کے تعلق سے تعلیمی وسائل کے ضمن میں والدین کا رویّہ یہ ہے: ''کتابیں ایک ٹرسٹ سے ملیں گی، بیاض دوسرے ٹرسٹ سے، بستے کے لیے تیسرے ٹرسٹ میں جائیں گے اور فیس کے لیے چوتھے۔ ایک ٹرسٹ تو چھتری بھی دیتا ہے اور دوسرا چپّل ......'' جی ہاں! ایس ایس سی تک تو تعلیم اس طرح حاصل ہو جائے گی البتّہ اُس کے بعد؟ اعلیٰ تعلیم صرف مہنگی ہی مہنگی ہے۔ اُس کے لیے فکر تو بہر حال کرنی ہی ہے۔ ایس ایس سی تک کی تعلیم ہی کو کوئی منزل سمجھ لینے کی بناء پر اعلیٰ تعلیم کے ضمن میں ہمارے اکثر گھروں میں ذکر و فکر نہیں ہو رہی ہے اور کہیں ہو رہی ہے تو وہ یاسیت و مایوسی سے پُر ہے۔ ہمارے والدین اکثر یہ شکایت کرتے نظر آتے ہیں کہ '' آخر اعلیٰ تعلیم اس قدر مہنگی کیوں ہو گئی ہے''۔ ہمارا پہلا سوال اُن سے یہ ہے کہ کیا یہ 'ظلم' صرف مسلمانوں پر ہے، مہنگی تعلیم سبھوں کے لیے ہے۔ دوسری قومیں اُس کا کیسے مقابلہ کرتی ہیں؟ ہمیں بھی کرنا ہے۔ دراصل ہوا یہ کہ جب لگ بھگ سارا ملک سو رہا تھا حکومت نے چپکے چپکے یہ پالیسی بنائی، 'پیسہ بھرو اور پڑھو'! حالانکہ اب اس ملک میں جو ۲ رفیصد تعلیمی ٹیکس ہر شئے، ہر سودے اور ہر خرید و فروخت پر عائد ہے اُس سے ملک کے خزانے میں کئی ہزار کروڑ روپے سالانہ جمع ہو رہے ہیں۔ البتّہ اُس کے باوجود اعلیٰ تعلیم جو مہنگی ہی مہنگی ہے وہ 'برق صرف بیچارے مسلمانوں' پر نہیں گر رہی ہے۔ لہٰذا ہمیں جائزہ لینا ہوگا کہ دوسری قومیں اِن معاملات کا کیسے مقابلہ کرتی ہیں۔ ہمارے یہاں کئی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ مائیں ٹرسٹ کے دفتروں میں ہانپتے کانپتے پہنچ جاتی ہیں اور وہاں کے ذمّہ داروں سے کہتی ہیں ''میرے بیٹے کی پچاس ہزار روپے کی فیس ادا کرنی ہے۔ کل صبح ۱۱ر بجے تک ادا کرنی ہے ورنہ داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔'' اب بتایئے یہ کیسے ممکن ہے؟ اوّل تو یہ کہ بچّے کے کتنے ہی اچھے مارکس کیوں نہ ہوں یا پورے بورڈ/ ریاست کا وہ ٹاپر کیوں نہ ہو اُس کے باوجود اُسے اسکالرشپ یا مالی امداد فوری نہیں مل سکتی۔ ہر ٹرسٹ میں ہفتہ وار یا ماہانہ میٹنگ ہوتی ہے اور اُس میں سارے عریضوں پر غور و فکر ہوتا ہے۔ دوم یہ کہ ۱۶ر تا ۱۸ر سال کے آپ کے بیٹا یا بیٹی کی فیس کے لیے آپ صرف ایک دن قبل ہی سنجیدہ ہو گئے؟ آپ کا بچّہ کم از کم آٹھویں، نویں جماعت میں داخل ہوتے ہی آپ کو جاگ جانا چاہیئے تا کہ دسویں/ بارہویں کے فوراً بعد ہزاروں بلکہ لاکھوں روپے کی فیس کا انتظام کرنا ہے اُس کا کیا ہوگا؟ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے معاشرے کے والدین کی ایک بڑی اکثریت نے دو اصطلاح سُنی ہی نہیں اور وہ ہیں: بجٹ اور بچت۔ جی ہاں، گھروں میں بجٹ کہیں کہیں بنتا بھی ہوگا مگر اُس میں تعلیم کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ بجٹ میں حصولِ تعلیم کوئی ایشو ہی نہیں۔ لڑکیوں کے لیے اگر کہیں بجٹ بنتا ہے تو اُس میں بچپن ہی سے ایک ہی موضوع غالب رہتا ہے کہ اُن کے لیے جہیز کا انتظام کیسے اور کہاں سے کیا جائے گا؟ ''تعلیم تو ہمیں مفت ہی ملنی چاہیئے، تعلیم کے لیے بجٹ یا بچت وغیرہ کیا ہے؟'' برسہا برس سے ہم اس بیمار خیال کے اسیر رہے ہیں البتّہ اب یہ کیسے ممکن ہے کیوں کہ قومیں وہی ترقی کر رہی ہیں جو حصولِ تعلیم میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔

**'ہمارے بچے مثالی ہوں'**

ہمارے یہاں والدین جیسے بھی ہوں، البتّہ خواہش یہ کرتے ہیں کہ اُن کے بچّے بالکل مثالی بن جائیں، ایک دم آئیڈیل۔ گھر میں، باہر، ہر جگہ اُن کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ اُن کے بچّے کی ہر بات پر لوگ عش عش کر بیٹھیں۔ وہ یہ ہرگز نہیں سمجھتے کہ اُن کے بچّے تو والدین ہی کا عکس ہوا کرتے ہیں، اُن کا پورا بچپن اور اکثر لڑکپن بھی صرف والدین کی نقل کرنے میں ہی گزر جاتا ہے۔ اس بناء پر آیئے جائزہ لیں کہ بچّے اپنے والدین کی کن کن باتوں اور عادتوں کی سب سے زیادہ نقل کرتے ہیں۔ (۱) جھوٹ (۲) غیبت (۳) ٹال مٹول (۴) تضیع اوقات۔ جی ہاں جس طرح ہمارے اسکولوں میں تاریخ، جغرافیہ، سائنس و ریاضی مضامین پڑھائے جاتے ہیں بالکل اُسی طرح (بدقسمتی سے) ہمارے گھرو میں جھوٹ، غیبت وغیرہ، یہ مضامین پڑھائے جاتے ہیں اور پھر انسانی فطرت کچھ اسی ہے کہ بچّے تاریخ جغرافیہ میں کچھ کمزور ہوں گے مگر غیبت، ٹال مٹول وغیرہ یہ مضامین وہ بڑی تیزی سے سیکھتے ہیں اور اُن مضامین کا اگر کوئی امتحان ہو تو ہر بچّہ فرسٹ کلاس حاصل کرلے گا کیوں کہ اُن کے والدین کو جو اُن مضامین میں ڈسٹنکشن حاصل ہے۔

**آئیے دیکھیں کہ جھوٹ، غیبت وغیرہ کی یہ متعدی بیماریاں گھروں میں کیسے پلتی اور پھر پھیلتی ہیں۔**

(۱) جھوٹ: والدین بچّوں کو نصیحتیں تو پلاتے رہتے ہیں کہ جھوٹ مت بولو۔ جھوٹ بولنا بُری بات ہے یا جھوٹ بولنا گناہ ہے وغیرہ وغیرہ لیکن وہی بچّے مشاہدہ کرتے رہتے ہیں کہ اُن کے والدین بڑے فرّاٹے سے، بڑے تسلسل سے اور بڑی مہارت سے جھوٹ بولے جا رہے ہیں۔ کسی کا سوال بس سامنے آ گیا اور اُس کا فوری جھوٹ جواب تیار۔ ان سارے جھوٹ کو والدین اپنی مہارت بلکہ بات چیت کا فن بھی قرار دیتے ہیں۔ آگے چل کر اُن کے بچّے کمیونکیشن اِسکل کے کتنے ہی کورس کرلیں، جو ٹریننگ اُنھیں اپنے گھروں میں اُن کے 'پروفیسر' والدین سے ملی ہے اُسے اپنے ذہن میں آخر دم تک بسائے رکھتے ہیں۔


(۲) غیبت: غیبت کو ہمارے دین نے بڑا گناہ قرار دیا ہو، ہمارے گھروں میں اُسے معمولی گناہ بھی نہیں سمجھا جاتا۔ خواتین کے لیے یہ وقت گزاری کا ایک ذریعہ ہے تو اس معاملے میں مرد بھی کچھ پیچھے نہیں رہتے۔ غیبت و عیب جوئی میں گھروں میں ٹوئنٹی ٹوئنٹی نہیں بلکہ پورے ٹیسٹ میچ چلتے رہتے ہیں۔ کوئی ایک غیبت یا عیب جوئی کرتے کرتے تھک گیا تو دوسرا کوئی اور موضوع لے کر شروع ہو جاتا ہے اور وہ تھک گیا تو تیسرا۔ اور ہمارے گھروں میں یہ سلسلہ اُس وقت تک چلتا رہتا ہے جب کہ سبھوں کے اعصاب تھک نہ جائیں اور نیند نہ آ جائے۔ بچّے بھی اس سب کا ایک حصہ بن جاتے ہیں اور عیب جوئی و غیبت میں 'ڈگری' حاصل کر ہی لیتے ہیں۔ والدین کا بڑا ہی محبوب مقولہ ہے ''ایک دن......''، ''ایک دن وہ کام شروع کریں گے...... ایک دن ساری چیزیں ترتیب سے رکھیں گے...... ایک دن......'' بچّے مشاہدہ کرتے رہتے ہیں کہ وہ ''ایک دن'' کبھی نہیں آتا۔ (......جاری)

## یوپی مدرسہ ایجوکیشن ایکٹ کو برقرار رکھنے کا تاریخی فیصلہ خوش آئند

### سکریٹری مرکزی تعلیمی بورڈ

نئی دہلی، 05 نومبر: مرکزی تعلیمی بورڈ، جماعت اسلامی ہند کے سکریٹری سید تنویر احمد نے یوپی مدرسہ ایکٹ 2024 کو برقرار رکھنے والے سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے میڈیا کو جاری اپنے ایک بیان میں کہا کہ ''سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں الٰہ آباد ہائی کورٹ کے سابق فیصلے کو پلٹ دیا ہے جس نے اپنے فیصلے میں مدرسہ ایکٹ کو غیر آئینی قرار دیا تھا۔ سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ ریاست میں اقلیتی برادریوں کے لیے حوصلہ افزا ہے۔ اس سے ان کے تعلیمی حقوق کو برقرار رکھنے اور آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ اس فیصلے سے طلبائے مدارس کے تعلیمی حق اور مذہبی اقلیتوں اور ان کے تعلیمی اداروں کو تحفظ حاصل ہوگا، نیز اس فیصلے سے مذہبی اقلیتوں کے تعلیمی اداروں کو تحفظ فراہم کرنے والے آئینی اصولوں کی بھی توثیق ہوتی ہے۔ یہ فیصلہ ریاستی سرکار کو یہ پیغام بھی دیتا ہے کہ وہ مذہبی تعلیمی اداروں کو اپنی شناخت کے ساتھ دینی و عصری دونوں طرح کی تعلیم دینے کے حق کا احترام کرے حکومت اس معاملہ میں مدارس کا مناسب تعاون تو کر سکتی ہے لیکن اسے بے جا مداخلت سے گریز کرنا چاہئے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی سربراہی میں، جسٹس جے بی پاردی والا اور منوج مشرا کی بینچ نے جو فیصلہ دیا ہے، ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں۔ بچوں کو دینی تعلیم و تربیت دینا کوئی غیر قانونی عمل نہیں ہے۔ اس موقع پر سپریم کورٹ نے بڑی وضاحت کے ساتھ کہا کہ سیکولرزم کا مطلب ہے ''جیو اور جینے دو''۔ اس سے ہندوستان کے تکثیری معاشرے میں متنوع تعلیمی نقطہ نظر کے ساتھ بقائے باہمی کے اصولوں اور ہم آہنگی کو فروغ ملتا ہے۔

# امریکہ کا صدارتی انتخاب اور آپ کے سوال



امریکی ووٹرز کے یہ فیصلہ کرنے میں کچھ ہی وقت بچا ہے کہ وہ اپنا اگلا صدر کس کو چاہتے ہیں۔ صدارتی انتخاب کی مہم کے دوران کملا ہیرس کی ڈیپ فیکس سے لے کر ڈونلڈ ٹرمپ پر قاتلانہ حملے کی سازشی نظریات تک ہر چیز پر آن لائن شدید بحث چھڑی رہی ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اس کا اثر بہت زیادہ رہا ہے، ٹِک ٹاک نے انکشاف کیا ہے کہ ٹرمپ پر قاتلانہ حملے کے ایک ہفتے بعد، ٹک ٹاک پر ان کے بارے میں پوسٹس کی تعداد میں تقریباً 800 فیصد اضافہ ہوا، جب کہ ویڈیو ویوز ایک ارب سے بڑھ کر چھ ارب تک پہنچ گئے۔ وائرل شہ سرخیوں سے دور، لوگ یہ جاننے کی کوشش بھی کر رہے ہیں کہ امریکی سیاست کس طرح کام کرتی ہے۔ اس چیز کو ذہن میں رکھتے ہوئے، یہاں امریکی انتخابات کے بارے میں اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے جواب دیے جا رہے ہیں۔

### امریکہ میں اگلا صدارتی الیکشن کب ہے؟

امریکی انتخابات منگل پانچ نومبر 2024 کو منعقد ہو رہے ہیں۔ امریکہ میں صدارتی انتخاب ہر چار سال بعد ہوتا ہے۔ امریکہ کے آئین کے مطابق ملک کے صدر کی مدت چار سال تک محدود ہے اور ایک فرد دو مرتبہ سے زیادہ اس عہدے پر فائز نہیں رہ سکتا۔ یہ شرط آئین میں 1951 میں ترمیم کے ذریعے عائد کی گئی تھی اور اس سے پہلے، ایک صدر لامحدود مرتبہ انتخاب میں حصہ لینے کا اہل تھا۔ نومبر 2024 میں صدارتی انتخاب جیتنے والے امیدوار کی حکومت جنوری 2025 میں قائم ہوگی۔

### صدارتی امیدوار کون ہیں اور انہیں کیسے نامزد کیا گیا؟

امریکہ کی دونوں اہم سیاسی جماعتیں ریپبلکن پارٹی اور ڈیموکریٹ پارٹی پرائمری اور کاکس نامی ووٹنگ سیریز کے ذریعے صدارتی امیدوار کو نامزد کرتی ہیں، جہاں جماعت کے اراکین انتخاب کرتے ہیں کہ صدارتی الیکشن میں کون ان کی پارٹی کی قیادت کرے۔ سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ، جنھوں نے اس سے قبل جنوری 2017 میں 45 ویں امریکی صدر کے طور پر حلف اٹھایا تھا ریپبلکن پارٹی کے انتخابی عمل میں اپنی جماعت کے دیگر حریفوں پر واضح برتری حاصل کرنے بعد صدارتی امیدوار نامزد ہوئے۔ ڈیموکریٹس کی جانب سے امریکہ کی موجودہ نائب صدر کملا ہیرس، جولائی میں صدر بائیڈن کے صدارتی دوڑ سے دستبردار ہونے کے بعد اس دوڑ میں شامل ہوئیں اور ان کی جماعت سے کوئی بھی ان کے مقابلے میں کھڑا نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ کچھ آزاد امیدوار بھی اس صدارتی دوڑ میں شامل ہیں۔ ان میں سب سے نمایاں شخصیت رابرٹ ایف کینیڈی جونیئر تھے، جو امریکہ کے سابق صدر جان ایف کینیڈی کے بھتیجے ہیں۔ اگست کے آخر میں انھوں نے اپنی صدارتی مہم معطل کرتے ہوئے ٹرمپ کی حمایت کا اعلان کیا اور ٹرمپ نے صدر بننے کی صورت میں انھیں کابینہ میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔۔

### صدر کا انتخاب کیسے ہوتا ہے؟

دلچسپ بات یہ ہے کہ امریکہ کے صدارتی انتخاب میں عوام کی جانب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا امیدوار ضروری نہیں کہ ملک کا نیا صدر بنے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امریکہ میں صدر کا انتخاب براہِ راست عام ووٹر نہیں کرتے بلکہ یہ کام الیکٹورل کالج کا ہے۔ امریکی صدارتی انتخاب میں سب سے اہم اور پیچیدہ ادارہ الیکٹورل کالج ہے۔ بنیادی طور پر الیکٹورل کالج ایک ایسا ادارہ ہے جو صدر کا انتخاب کرتا ہے اور اس کالج کے ارکان جنھیں 'الیکٹر' بھی کہا جاتا ہے، عوام کے ووٹوں سے جیتتے ہیں۔ یعنی جب امریکی عوام صدارتی انتخاب میں ووٹ ڈالنے جاتے ہیں تو دراصل وہ ایسے افراد کے لیے ووٹ ڈال رہے ہوتے ہیں جو مل کر الیکٹورل کالج بناتے ہیں اور ان کا کام ملک کے صدر اور نائب صدر کو چننا ہے۔ امریکہ کی ہر ریاست میں الیکٹورل کالج کے ارکان کی تعداد اس کی آبادی کے تناسب سے طے ہوتی ہے جبکہ الیکٹرز کی کل تعداد 538 ہے۔ امریکہ کا صدر بننے کے لیے کسی بھی امیدوار کو 538 میں سے 270 یا اس سے زیادہ ارکان (الیکٹرز) کی حمایت درکار ہوتی ہے۔ ہر ریاست کی کانگریس میں جتنی سیٹیں ہوتی ہیں اور اس کے جتنے سینیٹر سینیٹ میں ہوتے ہیں اتنی ہی اس کے الیکٹورل کالج میں الیکٹرز ہوتے ہیں۔ یعنی اگر کسی ریاست کی کانگریس میں دس سیٹیں ہیں اور اس کی دو سیٹیں سینیٹ میں ہیں تو اس ریاست سے الیکٹورل کالج میں جانے والے الیکٹرز کی کل تعداد بارہ ہوگی۔ کسی امیدوار کا ملک بھر سے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنا ممکن ہے تاہم اس کے باوجود وہ صدر نہیں بن سکتا۔ جیسے سنہ 2016 میں ہیلری کلنٹن کو سب سے زیادہ ووٹ ملے لیکن الیکٹورل کالج میں انھیں شکست ہوئی۔

### امریکہ کے صدارتی الیکشن میں کون ووٹ ڈال سکتا ہے؟

زیادہ تر امریکی شہری جن کی عمر 18 برس یا اس سے زیادہ ہے، وہ صدارتی الیکشن میں ووٹ دینے کے اہل ہوتے ہیں۔ شمالی ڈکوٹا کے علاوہ تمام ریاستوں میں لوگوں کو ووٹ ڈالنے سے پہلے خود کو رجسٹر کرنا ہوتا ہے۔ ہر ریاست کا ووٹر رجسٹریشن کا اپنا عمل اور ڈیڈ لائن ہوتی ہے۔ بیرون ملک مقیم امریکی شہری فیڈرل پوسٹ کارڈ ایپلیکیشن (ایف سی پی اے) مکمل کر کے خود کو رجسٹر کرا سکتے ہیں۔

### نومبر میں صدر کے علاوہ اور کس کا انتخاب ہو رہا ہے؟

اگرچہ تمام تر نگاہیں اس بات پر ہوں گی کہ امریکہ کا اگلا صدر کون بنتا ہے تاہم ووٹرز کانگریس اراکین کا انتخاب بھی کریں گے۔ کانگریس ایوان نمائندگان پر مشتمل ہے، جس کی 435 نشستوں پر الیکشن ہوتے ہیں جبکہ سینیٹ کی 34 نشستوں پر بھی مقابلہ ہوتا ہے۔ فی الحال ایوان میں ریپبلکنز کی اکثریت ہے، یہ ایوان ملک کے مالی اخراجات سے متعلق منصوبوں کی منظوری دیتا ہے جبکہ سینیٹ میں ڈیموکریٹس کی تعداد زیادہ ہے جو اہم حکومتی تقرریوں کے بارے میں اپنا ووٹ دیتے ہیں۔ یہ دونوں ایوان قوانین منظور کرتے ہیں اور اگر دونوں ایوانوں میں سے کسی ایک ایوان میں صدر کی مخالف جماعت کو اکثریت حاصل ہے تو وہ وائٹ ہاؤس کے منصوبوں کو روک بھی سکتی ہے۔

### ہمیں کب پتا چلے گا کہ الیکشن کس نے جیتا؟

عام طور پر فاتح کا اعلان الیکشن کی رات کر دیا جاتا ہے تاہم سنہ 2020 میں ووٹوں کی گنتی میں کچھ دن لگ گئے تھے۔ اگر انتخابی نتائج کی صورت میں صدر تبدیل ہو رہا ہو تو الیکشن کے بعد کے دورانیے کو 'ٹرانزیشن' یعنی منتقلی کا وقت کہا جاتا ہے۔ اس دوران نئی آنے والی انتظامیہ کو کابینہ میں وزرا کی تقرری اور نئی مدت کے لیے منصوبہ بندی کرنے کا وقت ملتا ہے۔ نئے منتخب ہونے والے صدر جنوری میں باضابطہ طور پر ایک تقریب میں اپنے عہدے کا حلف اٹھاتے ہیں، جو واشنگٹن ڈی سی میں کیپیٹل ہل کی عمارت کی سیڑھیوں پر منعقد ہوتی ہے۔

# سرینگر پر قبضے کے لیے کشمیر پہنچنے والے پاکستان کے قبائلی جنگجوؤں کو خالی ہاتھ واپس کیوں لوٹنا پڑا؟

**وقار مصطفیٰ**

27 اکتوبر 1947 کو طلوع ہونے والا سورج وادی کشمیر کی دُھند کو پچھاڑ چکا تھا جب دِلی کے 'وِلنگڈن ایئر فیلڈ' سے ایک ڈکوٹا طیارہ ساڑھے تین گھنٹے کی پرواز کے بعد 15 مسلح فوجیوں کو لیے سرینگر کے نواح میں واقع بڈگام ایئربیس پر اُترا۔ صبح 30:9 بجے سِکھ رجمنٹ کی پہلی بٹالین کے اِن اہلکاروں کا بڈگام ایئربیس پر آنا اس بات کا اعلان تھا کہ انڈیا نے اس شاہی ریاست یعنی جموں کشمیر میں اپنی فوج اُتار دی ہے۔ ایلسٹر لیمب اپنی کتاب 'برتھ آف اے ٹریجڈی: کشمیر 1947' میں لکھتے ہیں کہ یہ پاکستان اور انڈیا کے درمیان اُس تنازع کا باقاعدہ آغاز تھا، جو آج تک حل طلب ہے۔ 15 اگست کی ڈیڈ لائن کے بعد دو ماہ سے زیادہ عرصے تک، مہاراجہ ہری سنگھ نے ریاست کشمیر کے مستقبل کا کوئی فیصلہ نہیں کیا تھا۔ تاریخ دان الیگزینڈر روز کے مطابق اس مسلم اکثریتی علاقے (کشمیر) کے جغرافیائی اور مذہبی اعتبار سے پاکستان کا حصہ بننے کے قوی امکانات تھے۔ تاہم انڈیا کا کہنا ہے کہ اُس نے کشمیر میں اپنی فوج 22 اکتوبر کو پاکستانی قبائیلوں کے کشمیر پر حملے اور اس کے تناظر میں کشمیر کے مہاراجہ ہری سنگھ کی مدد کی درخواست پر تب بھیجی جب مہاراجہ نے انڈیا سے الحاق کی دستاویز پر دستخط کر دیے۔ انڈیا کے اُس وقت کے وزیر داخلہ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے شاہی ریاستوں کو انڈیا میں شامل کرنے کا کام وپیلا پنگونی (وی پی) مینن کو سونپا تھا۔ وی پی مینن اپنی کتاب 'دی سٹوری آف انٹیگریشن آف انڈین سٹیٹس' میں دعویٰ کرتے ہیں کہ '200 سے 300 لاریوں میں سوار تقریباً پانچ ہزار آفریدی، وزیر، محسود، سواتی اور سرحدی قبائیلوں اور 'چھٹی پر موجود' پاکستانی فوج کے سپاہیوں پر مشتمل چھاپہ ماروں کا مرکزی دستہ، جس کی قیادت کشمیر کو اچھی طرح جاننے والے کچھ باقاعدہ فوجی افسران کر رہے تھے، پاکستان کے صوبہ سرحد (موجودہ خیبر پختونخوا) کے شہر ایبٹ آباد سے جہلم ویلی روڈ کے ساتھ آگے بڑھے۔' اینڈریو وائٹ ہیڈ نے اُن قبائیلوں کے حملے پر اپنی کتاب 'اے مشن ان کشمیر' میں کافی تفصیل سے لکھا ہے لیکن اس میں پاکستانی فوج کی باقاعدہ شمولیت کا کہیں تذکرہ نہیں۔ وزیر قبائل میں فقیر آف اپی نے اپنے پیروکاروں کو 'جہاد' کے لیے کشمیر جانے سے روکا تو پیر آف وانا نے اپنے پیروکاروں کی خدمات 'پیش کیں' کہ وہ پاکستان کے ساتھ مل کر تاریخ اسلام کی اس اہم گھڑی میں سرگرم عمل ہوں۔ 'بغدادی پیر' کہلوائے جانے والے پیر آف وانا نے پشاور میں 'نیویارک ہیرالڈ ٹریبون' کی مارگریٹ پارٹن کو انٹرویو میں بتایا تھا کہ اگر کشمیر انڈیا کا حصہ بنا تو 'وہ دس لاکھ قبائیلوں کو جہاد کے لیے کشمیر لے کر جائیں گے۔' انھوں نے یہ بھی کہا تھا کہ 'اگر ہمیں پاکستان سے گزرنے کی اجازت نہ دی گئی تو ہم چترال کے پہاڑوں سے شمال کی طرف جائیں گے۔' 'ہم اپنی رائفلوں اور بندوقوں کے ساتھ جائیں گے اور اپنے مسلمان بھائیوں کو ہندو مہاراجہ کی من مرضی سے بچائیں گے۔' اسی طرح پیر آف مانکی شریف بھی 'کشمیر میں جہاد' کے مبلغ تھے۔ وہ مسلم لیگ کے مقامی رہنما تھے اور صوبہ سرحد کی پاکستان میں شمولیت کا ریفرینڈم جتوانے میں اُن کا بڑا کردار تھا۔ اُن کے لگ بھگ دو لاکھ پیروکار تھے اور یہ کسی ایک مخصوص علاقے تک محدود نہیں تھے۔ وائٹ ہیڈ لکھتے ہیں کہ اِس 'بغاوت' کو پاکستان کے علاقے سے مربوط کیا جا رہا تھا لیکن نئی قوم کے رہنما اپنی مسلح افواج سے انھیں مدد فراہم نہیں کر سکتے تھے۔' سر جارج کننگھم صوبہ سرحد کے گورنر تھے۔ برٹش لائبریری میں کننگھم کی ڈائری اس بڑھتی ہوئی بیداری کا ایک طاقتور احساس دیتی ہے۔ انھوں نے لکھا کہ 'میں نے آفریدیوں اور مہمندوں سمیت ہر کسی کو خبردار کیا ہے کہ یہ بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ کا باعث بن سکتا ہے۔' لیکن کننگھم کی اس تنبیہ کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ صوبائی وزیر اعلیٰ خان عبدالقیوم خان نے نجی طور پر اعلان کیا کہ وہ کشمیر جانے والے مسلح افراد کی حمایت کرتے ہیں تاہم وہ اس بات پر متفق تھے کہ پولیس اور دیگر حکام کو آپریشن میں الجھنا نہیں چاہیے۔ مسلم نیشنل گارڈ کے رُکن خورشید انور لکھتے ہیں کہ 'ڈی ڈے' 21 اکتوبر بروز منگل مقرر کیا گیا تھا لیکن اسے اگلی صبح تک مؤخر کرنا پڑا۔ متعدد تاریخی حوالوں میں خورشید انور کو وادی کشمیر پر حملے کا فوجی کمانڈر بتایا گیا ہے۔ بعد میں انھوں نے روزنامہ ڈان کو بتایا کہ اُن کے ساتھ چار ہزار آدمی تھے اور کشمیری علاقے کے اندر تک انھیں کسی سخت مزاحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ دوسری جانب کشمیر کی ریاستی افواج نے محدود مزاحمت کی، اُن کی صفوں میں پونچھ سے تعلق رکھنے والا مسلمانوں کا ایک بڑا حصہ تھا جو انھیں چھوڑ چکے تھے۔ البتہ وائٹ ہیڈ لکھتے ہیں کہ مہاراجہ کے خلاف ابتدائی بغاوت مقامی تھی اور اس میں قبائلی شمولیت ہرگز نہیں تھی۔ 'اپنی مسلم رعایا کے ساتھ سلوک کی وجہ سے کشمیر کے مہاراجہ کی شہرت خراب تھی۔۔۔ ریاست کی مسلح افواج پر جموں صوبے میں مسلمانوں کے خلاف مظالم میں ملوث ہونے کا الزام تھا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ مہاراجہ کی جانب سے یہ فیصلہ کرنے میں تاخیر سے، کہ وہ کس نئے ملک میں شامل ہوں گے، وہ شکوک و شبہات شدت اختیار کر گئے تھے کہ کشمیر انڈیا کا حصہ بننے کی طرف بڑھ رہا ہے، حالانکہ اُس کے جغرافیہ اور مسلم اکثریت کا اشارہ پاکستان کے ساتھ الحاق تھا۔' وہ مزید لکھتے ہیں کہ 'جموں کے شمال مغرب لیکن وادی کشمیر سے باہر واقع علاقے پونچھ کی اپنی شکایات تھیں، خاص طور پر مقامی اختیار میں کمی اور بھاری ٹیکسوں کے خلاف۔ یہاں کے کوئی 60 ہزار افراد دوسری عالمی جنگ میں حصہ لے چکے تھے اور یہیں سے کشمیر کی اپنی فوج بھرتی ہوتی تھی۔ مہاراجہ کے خلاف شورش اگست 1947 کے آخر تک جڑ پکڑ چکی تھی۔' وائٹ ہیڈ نے اِس مہم کے رہنماؤں میں سے ایک کے حوالے سے لکھا ہے کہ 'ستمبر 1947 کے اواخر تک ہم کافی علاقہ حاصل کر چکے تھے۔ تب میں ہی اپنے ضلع پونچھ سے اس کا انتظام کر رہا تھا۔ تب ریاست کی فوج ریاست کے لوگوں کے خلاف لڑ رہی تھی۔ سرحد سے تب تک کوئی نہیں آیا تھا۔' پونچھ کے نزدیکی علاقے راولاکوٹ کے سردار محمد ابراہیم خان سرینگر میں وکیل تھے اور پاکستان حامی مسلم کانفرنس کے اہم رہنما تھے۔ وہ ریاست سے نکلے اور پاکستان میں مری میں اپنا ٹھکانا بنا لیا اور مہاراجہ کی فوج سے بھاگے فوجیوں کی مدد سے 'مسلح جدوجہد' شروع کر دی۔ وائٹ ہیڈ کے دعوے کے مطابق ستمبر 1947 ہی کے دوران میں بریگیڈیئر اکبر خان، جو اُس وقت پاکستانی فوج کے ہیڈ کوارٹر میں اسلحے اور آلات کے ڈائریکٹر تھے، نے مری میں سردار ابراہیم خان اور دیگر لوگوں سے رابطہ قائم کیا۔' ایسا لگتا ہے کہ اکبر خان نے پونچھ میں پاکستان کی حامی شورش کی مدد کرنے کا فیصلہ خود ہی سے کیا۔ اکبر خان کا اپنا کہنا ہے کہ انھوں نے پنجاب پولیس کو جاری کرنے کے لیے منظور کی گئی چار ہزار فوجی رائفلیں دینے میں مدد کی۔ انھوں نے پرانے گولا بارود کی ایک بڑی کھیپ بھی فراہم کی جسے ناکارہ قرار دیا جا چکا تھا اور سمندر برد کیا جانا تھا۔ اکتوبر کے اواخر میں سردار ابراہیم کو پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کی عبوری حکومت کا صدر بنایا گیا۔ وائٹ ہیڈ کہتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ دونوں خان شورش کی ابتدا کے دعوے پر متفق نہ ہوں، لیکن اس میں قبائیلوں کی شمولیت کے محدود ہونے پر اُن کی رائے ایک ہی ہے۔ عبدالقیوم خان کے مطابق 'تحریک کو شدید نقصان پہنچا کیونکہ وہ قبائلی کسی کے قابو میں نہیں تھے۔' 'جب وہ میرے علاقے میں آئے تو اُن کے ٹھہرنے کے لیے ایک پورا گاؤں خالی کروا دیا گیا اور اُس کے گرد پہرا بٹھا دیا۔ میں نے انھیں لڑائی میں شریک نہیں ہونے دیا۔ لیکن باقی ریاست میں انھوں نے کافی نقصان کیا۔' 'غیر منظم ہونے کی وجہ سے انھوں نے لوٹ مار کی۔ ہر قبیلے کا اپنا اپنا کمان دار تھا۔ وزیر اور محسود تو بالکل کسی کے کہنے سُننے میں نہیں تھے۔ مظفر آباد میں تو میرا اُن کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا۔' قبائیلوں نے شروع میں یہ سوچا ہوگا کہ وہ مظفر آباد سے تقریباً ایک سو میل کے فاصلے پر اپنا ہدف یعنی کشمیر کے دارالحکومت سرینگر میں 26 اکتوبر کو عید کا تہوار منا سکیں گے۔ وائٹ ہیڈ لکھتے ہیں کہ بارہ مولا میں اُن کی پیش قدمی کا خاتمہ نہیں ہوا تھا۔ یہاں تک کہ 27 اکتوبر کے بعد سے ہر روز ہندوستانی فوج کے سینکڑوں فوجیوں کے طیاروں سے آنے کے باوجود، قبائلی سرینگر کے مرکز سے چند میل کے فاصلے پر اور تقریباً فضائی پٹی کے اطراف تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے۔ اکبر خان نے اپنی کتاب 'ریڈرز اِن کشمیر' میں لکھا ہے کہ 'انھوں نے (قبائیلوں کو) سب سے پہلے کشمیر کی وادی میں گہری دھند سے اُبھرتے دیکھا۔' 'وہ خاموشی سے آگے بڑھے، احتیاط سے، لیکن آسانی کے ساتھ اور اندھیرے میں۔ یہ 29 اکتوبر 1947 کی آدھی رات تھی۔ بجلی کی رفتار سے ریاست میں داخل ہونے کے بعد پانچ دنوں میں 115 میل کا فاصلہ طے کر کے اب سرینگر کی ٹمٹماتی روشنیوں سے صرف چار میل کے فاصلے پر تھے۔' 'جوں جوں حملہ آور آگے بڑھے، اُن کا سامنا سرینگر کے اردگرد بہنے والے پانی سے ہونا شروع ہو گیا۔ بالآخر ایسا لگتا تھا کہ اس رکاوٹ سے نمٹنے کے لیے سیدھے راستے پر جانا ہی باقی رہ گیا ہے۔' سردار ابراہیم کا کہنا تھا کہ 'اُن سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی تھی کہ وہ لڑیں اور قبضہ کریں اور پھر سنبھلے رہیں (یعنی حاصل کیے گئے علاقے پر اپنا قبضہ برقرار رکھیں)۔ جب قبائلی لشکر نے سرینگر سے واپسی اختیار کی تو اُن کے خالی کیے گئے علاقے کو سنبھالنے کے لیے کوئی فوجی نہیں تھے۔' 'انڈیا کی فوج کے ابتدائی اہلکار تو فوجی طیاروں سے آئے تھے۔ پاکستان کے ساتھ جنگ ہوئی تو مزید کمک گرداسپور سے آنے لگی۔' تاریخ دان الیگزینڈر روز کے مطابق کشمیر، پاکستان اور انڈیا کے جنوبی چوراہے پر واقع 14 لاکھ آبادی والا مسلم علاقہ، جغرافیائی اور مذہبی دونوں بنیادوں پر، پاکستان کا مقدر تھا۔ لیکن تقسیم ہند کے وقت سرحدوں کے تعین کے ذمہ دار سر سرل ریڈکلف نے صرف شکر گڑھ تحصیل پاکستان کو دی اور باقی تحصیلیں انڈیا کو۔ پٹھان کوٹ کی تحصیل ملی تو گویا انڈیا کو کشمیر کا زمینی راستہ مل گیا۔

